سوال 1: اسلام کیا ہے؟ اس کی نمایاں خصوصیات بیان کریں؟

اسلام:

← اسلام عربی زبان کا لفظ ہے۔

← اسلام کا پرانا نام دین حنیف ہے۔

حنیف کا مطلب "ایک توحید کو ماننے والا اور صراط مستقیم پر چلنے والا"

← لغوی معنی:-

اسلام کا لفظ سلم سے نکلا ہے اور اسکے معنی ہیں حکم ماننا، کسی کے سامنے گردن جھکانا یا اپنے آپ کو کسی کے سپرد کر دینا ہے۔

← اصطلاحی معنی:-

1) شریعت میں انبیاء کرام کے بتائے ہوئے طریقوں کے مطابق اللہ کے احکام ماننے، اس کے سامنے گردن جھکانے اور اپنے آپ کو اس کے سپرد کرنے کا نام اسلام ہے۔

یا

2) اپنی خواہشات کو اللہ کی مرضی کے تابع کر دینا

اسلام کہلاتا ہے۔

یا

3) اپنی مرضی اور رضامندی سے اللہ کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے امن میں داخل ہو جانا اسلام کہلاتا ہے۔

Date: __/__/20

1) سورۃ بقرہ آیت ۲۵۶:

ترجمہ:- "دین کے معاملے میں کوئی جبر نہیں ہے آج ہدایت کو گمراہی سے الگ کر دیا گیا ہے۔"

2) سورۃ المائدہ آیت ۳:-

ترجمہ:- "آج کے دن میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور اسلام کو ~~تمہارے~~ تمہارے لیے بحیثیت دین پسند کر دیا۔"

3) آپ ﷺ نے فرمایا:-

"اسلام دو چیزوں کے مجموعے کا نام ہے۔
1) اللہ اور اسکے رسول کی گواہی دینا۔
2) ارکان کو قائم کرنا اور عمل کرنا۔"

4) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-

مومن اور کافر میں فرق کرنے والی چیز نماز ہے۔

5) ڈاکٹر حمید الدین:-

ڈاکٹر حمید الدین اپنی کتاب Introduction to Islam میں لکھتے ہیں کہ:

"اسلام ایک توحید پرست دین ہے جو

Scanned with CamScanner

Date: __/__/20__

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا:

مولانا صدر الدین اصلاحی:

مولانا صدر الدین اصلاحی اپنی کتاب "اسلام ایک نظر میں" لکھتے ہیں کہ:

اسلام عقائد اور عبادات کے مجموعے کا نام ہے۔

★ اسلام ایک عالمگیر دین کا نام ہے:

1) اسلام انسان کو زندگی کے ہر پہلو کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

2) اسلام کسی محدود وقت کیلئے نہیں آیا بلکہ اس کی تعلیمات انسانوں کیلئے قیامت تک ہیں۔

3) اسلام کسی محدود جغرافیائی حدود یا انسانی گروہ کیلئے نہیں آیا تھا بلکہ پوری عالم انسانیت کیلئے آیا ہے۔

★ اسلام کی نمایاں خصوصیات:

1) توحید کا منفرد تصور:

Date: __/__/20

س) اسلام کے بنیادی عقائد میں سب سے پہلا عقیدہ توحید کا ہے

* لغوی معنی :-

ج) توحید کے لغوی معنی ایک ماننا یکتا جاننا ہے۔

* اصطلاحی معنی :-

دین کی اصطلاح میں اس سے مراد یہ ہے کہ اس دنیا کے پیدا کرنے والے اس پروردگار کو ایک ماننا، بے مثال ماننا اور صرف اس ہی کو عبادت کے لائق سمجھنا۔

پہلے کلمے کا جز :-

لا الٰہ الا اللہ :

ترجمہ :- اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

1) آپؐ نے فرمایا :-

فرمایا : اسلام ایک قلعے کی مانند ہے، اور اس قلعے (میں داخل ہونے) کا دروازہ توحید ہے۔

2) علامہ شبلی نعمانی کہتے ہیں :-

توحید کے بارے میں علامہ شبلی نعمانی اپنی کتاب سیرت النبیؐ میں

Date: __/__/20

لکھتے ہیں کہ:-

"آپؐ نے فرمایا: توحید اسلام کا پہلا سبق ہے۔"

اسلام کی بنیادی اساس:-
ایمانیات، عبادات، رسومات،
نظامِ زندگی۔

2) عقیدہ رسالت:-

← کلمے کا دوسرا جز:-

محمد الرسول اللہ۔
ترجمہ:- اور محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔

← عقیدہ رسالت عقیدہ ختمِ نبوت کے بغیر نامکمل ہے۔

سورۃ الاحزاب آیت ۴۰۔
" اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:
ترجمہ:-
"محمدؐ تم میں سے کسی شخص / مرد کے باپ نہیں وہ خاتم النبیین ہیں۔"

طرزِ حیات:-

Date: __/__/20

☆ آپؐ سنت پر طرزِ زندگی:-
انسانوں کو آپؐ کی سنت کے مطابق زندگی گزارنے کا حکم ہے۔

(1) آپؐ نے فرمایا:-
مجھے انسانیت کی جانب ایک معلم بنا کر بھیجا گیا ہے۔

(2) سورۃ نجم آیت ۳-۴:-
"اور نہ ہی وہ اپنی خواہش سے کوئی بات کہتے ہیں۔ وہ تو صرف وہی ہے جو اتاری جاتی ہے۔"

★ نمونہ قلید:-

سورۃ احزاب آیت ۲۱:
یقیناً تمہارے لیے رسول اللہ میں بہترین نمونہ (موجود) ہے۔

(3) اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے:
- اسلام زندگی کے ہر پہلو کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

Scanned with CamScanner

Date: __/__/20

1) انفرادی زندگی:-

← اسلام زندگی کے ہر موضوع کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

— اسلام انسان کی پیدائش سے لے کر موت تک کے تمام پہلوؤں کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ چاہے وہ:

1) پیدائش:-
ایک انسان کی پیدائش پر عقیقہ و ختنہ کرنے کے بارے میں ہو۔ یا انسان کی پرورش کے بارے میں ہو۔ کہ انسان کی پرورش میں ماں کا کیا عمل دخل ہے۔ اس میں خاندان اور معاشرے کی کون کون سی ذمہ داریاں ہیں۔ ایک انسان کی پرورش میں اس کے ماں باپ کا کردار کیا ہے وغیرہ۔

2) کردار سازی:-
انسان کی کردار سازی کے بارے میں بھی اسلام رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

3) تعلیم:-
اسلام تعلیم کے حصول پر بہت زور دیتا ہے۔
حدیث:
آپ ﷺ نے فرمایا:-

"تعلیم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے"

Date: __/__/20

★ آپؐ کا ایک اور فرمان ہے:

علم حاصل کرو۔ چاہے اسکے لیے تمہیں چین جانا پڑے۔

4) اصلاً
ذریعہ معاش:
اسلام ہمیں ذریعہ معاش کے اصولوں سے بھی آگاہی فراہم کرتا ہے،
انبیاء کرام میں سے اکثر انبیاء کا پیشہ تجارت تھا،
آپؐ بھی تجارت کیا کرتے تھے۔ جن کے سبب سے ہمیں روزگار کمانے کے اصولوں سے آگاہی ملتی ہے۔

5) حقوق العباد:
آج اسلام حقوق العباد کا بھی درس دیتا ہے۔ اسلام نے عنان، میاں بیوی، والدین، اولاد، ہمسائے، رشتہ دار سب کے حقوق و فرائض کے بارے میں رہنمائی فراہم کی ہے۔

★6) رفاہ عامہ:
اسلام ہمیں رفاہ عامہ کے کاموں کا درس دیتا ہے۔

Scanned with CamScanner

Date: __/__/20

جامع الازھر کے ڈاکٹر وسیع اللہ عباس نے اپنی کتاب Key Features of Islam میں لکھا ہے کہ:

اسلام کی اگر کوئی سب سے بڑی اور سب سے اہم خوبی ہے تو وہ ہے صدقہ جاریہ رفاہِ عامہ کے کام کرنا۔

طبی سہولیات کی فراہمی:-
اسلام طبی سہولیات کی فراہمی اور بیماریوں کے خاتمے کیلئے بھی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

سورۃ المائدہ آیت نمبر ۳۲:-
ایک انسان کا قتل ناحق پوری انسانیت کا قتل ناحق ہے۔ اور جس نے ایک انسان کو بچایا اس نے پوری انسانیت کو بچایا۔

حدیث قدسی:-
اللہ تعالیٰ اس انسان سے بھی ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں جو بھی کسی بیمار کی عیادت کے لیے نہیں جاتا۔

جانوروں کے حقوق کا تحفظ:-
اسلام ہمیں جانوروں سے شفقت سے پیش آنے کی تلقین کرتا ہے۔

Scanned with CamScanner

Date: __/__/20

← آپ ﷺ نے ایک بدو کی سرزنش کی کیونکہ اس کا اونٹ صرف پیاسا تھا۔

← ایک عورت کو جہنم کی سزا اس لیے سنائی گئی کیونکہ اس نے ایک بلی کو باندھا تھا۔

← انسانوں کے حقوق:-
صاف ستھرائی کا تحفظ:-
اسلام ماحول کے تحفظ کی تلقین کرتا ہے۔
حدیث I:-
آپ ﷺ نے فرمایا:

1) "سرسبز درخت لگانا بہترین صدقہ جاریہ ہے۔"

2) حالتِ جنگ میں بھی سرسبز درختوں کو کاٹنے کی مخالفت کی فرمائی گئی ہے۔

حدیث II
آپ ﷺ ایک اور جگہ فرماتے ہیں۔
اگر آپ بہتے دریا کے کنارے بیٹھے ہیں تو بھی پانی کا ایک قطرہ بھی ضائع نہ کریں۔